# انتظامی جائزے کے پراسیس کے بارے میں معلومات

اگر آپ کو لگتا ہے کہ منسلک **خصوصی نوٹس** میں فراہم کردہ معاونت کی رقم آپ کے ذمہ نہیں ہے تو آپ انتظامی جائزے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ درخواست تحریری شکل میں ہونی چاہیے۔ آپ اس صفحے کی پشت پر موجود فارم استعمال کر سکتے ہیں۔ فارم مکمل کرنے کے لیے یہ تین (3) مراحل فالو کریں:

1. فارم میں موزوں خانوں پر اس مقصد سے **نشان** (√) لگائیں:
   - اپنے دفاع اور اپنے دفاع کی معاونت لیے شامل کی گئی دستاویزات کی شناخت کرنے کے لیے۔ اگر آپ ایسی دستاویز فراہم کرتے ہیں جو مندرج نہیں ہے تو 'دیگر' کے طور پر لیبل شدہ خانے پر نشان لگائیں اور دستاویز کی مختصراً وضاحت کریں۔
   - اگر آپ کے پاس تحریری دستاویز نہیں ہے یا اگر آپ کو اپنی دفاع کی معاونت کے لیے تحریری دستاویزات کے علاوہ کوئی اور ثبوت پیش کرنے کی ضرورت ہے تو ایک کانفرنس کی درخواست کریں۔ ہم آپ کو کانفرنس کی تاریخ اور وقت سے مطلع کریں گے۔
   - اگر آپ کا معاونت کا آرڈر نیو یارک کی ریاست میں جاری نہیں کیا گیا تھا تو درخواست کریں کہ جائزہ اسے جاری کرنے والی ریاست کی طرف سے انجام دیا جائے۔ ہم آپ کی تحریری درخواست موصول کرنے کے دس (10) دن کے اندر دوسری ریاست سے رابطہ کریں گے اور آپ کو دوسری ریاست کی جانب سے آپ کے انتظامی جائزے کے وقت اور مقام سے متعلق مطلع کیا جائے گا۔

2. مندرجہ ذیل معلومات فارم کے نچلے حصے میں **فراہم کریں**:
   - نیو یارک کیس شناخت کار (**خصوصی نوٹس** پر موجود ہے)؛
   - کاؤنٹی کا نام (**خصوصی نوٹس** پر موجود ہے)؛ اور
   - آپ کی ذاتی/رابطے کی معلومات۔

3. مکمل شدہ فارم اور دستاویزات اس **خصوصی نوٹس** کے بالائی حصے میں دکھائے گئے پتے پر **جمع کروائیں**۔

انتظامی جائزے کے پراسیس کے دوران آپ کی نمائندگی اٹارنی یا کسی دوسرے شخص کی جانب سے کی جا سکتی ہے۔

آپ کو ہماری جانب سےکیا ے تحریریف یصہلہ موصول ہوگا جس میں درج ہوگا کہ آیا ہم آپ سے متفق ہیں یا نیہں۔ ہماریف یصہلہ کےُلی طور پرSCU رکیارڈز، آپ کی طرف سے جمع کروائے گئی تحریری دستاویزا تاور اگر قابل اطلاق ہو تو کانفرنس میں آپ کی درخواسپ ترش یپ کےی گئے کسی بھی ثبوت کی روشنی میں ہوگا۔ **ہمارا تحریری فیصلہ حتمی انتظامی تعین ہوگا۔** اگر ہم یفصہلہ کرتے ہیں کہ ٹسکی ریفنڈ کی تلافی/پاسپورٹ سا ےنکار کلیئے تصدقی نیہں ہونی چاہےی، خوہا مکمل طور پر جزوی، تو ہم تصدقی کو یاڈجسٹ کریں گے۔ اگر تلافی ےلہپ ہی ہو چکی ہے تو ہم آپ کو وہ رقلہ موٹائیں گے جس کی تلافی غلط طور پر کی گئی تھی۔ حتمی انتظامی تعنی کی رپورٹ موصول ہونپ ےر، آپ نیو یارک ریاست کے شہری قانوا نور ضوابط کی ش78ق کے مطابق قانون کی جانب سف ےراہم کردہ وقت کے دورانہی میں تعنی کا عدلاتی جائزہ طبلہ کر سکتے ہیں۔

# ٹیکس ریفنڈ کی تلافی/پاسپورٹ سے انکار کی مد میں درکار سپورٹ کی سرٹیفیکیشن کے لیے انتظامی جائزے کی درخواست

**اس فارم کو مکمل کرنے سے پہلے** - انتظامی جائزے سے متعلق معلومات اور مزید ہدایات کے لیے براہ کرم اس فارم کی دوسری سائیڈ کو پڑھ لیں۔

کوئی بھی تحریری دستاویز جمع کروانے یا کسی بھی شیڈول کردہ کانفرنس میں شرکت کرنے سے پہلے، آپ یا آپ کے نمائندے کو زیر بحث سرٹیفیکیشن سے متعلق سپورٹ کلکشن یونٹ کے ادائیگی کی ریکارڈز کا جائزہ لینا اور اس کی کاپی حاصل کر لینی چاہیے۔

**میں نہیں سمجھتا/سمجھتی کہ اس خصوصی نوٹس پر نشاندہی کردہ رقم میرے لیے واجب الادا ہے۔ میں ان بنیادوں پر سرٹیفکیشن کو چیلنج کرنا چاہتا/چاہتی ہوں: 1) ذیل میں نشان زد دفاع اور دستاویزات اور 2) منسلک دستاویزات۔**

☐ 1. میں وہ شخص نہیں ہوں جو معاونت کے لیے ذمہ دار ہے، اس کی تائید مندرجہ ذیل سے ہوتی ہے:
- ☐ میرے ڈرائیور لائسنس کی کاپی یا شناختی کارڈ
- ☐ میرے پاسپورٹ کی کاپی یا میرا سوشل سیکیورٹی کارڈ
- ☐ دیگر (وضاحت کریں) ____________________

☐ 2. میں عدالتی حکم کے تحت معاونت کی ادائیگی کا ذمہ دار نہیں ہوں یا میری معاونت کا آرڈر کورٹ نے منسوخ، معطل کر دیا تھا یا داخل ہی نہیں کیا تھا اور معاونت کے کوئی بقایاجات/گزشتہ واجب معاونت واجب الادا نہیں ہے، جس کی تائید ان سے ہوتی ہے:
- ☐ کورٹ آرڈر کی کاپی جس میں میری معاونت کا آرڈر منسوخ یا معطل ہوا ہے
- ☐ دیگر (وضاحت کریں) ____________________

☐ 3. واجب الادا کے طور پر دکھائی گئی رقم غلط ہے کیونکہ میری طرف سے کی گئی ایک ادائیگی یا ادائیگیاں میرے اکاؤنٹ میں کریڈٹ نہیں کی گئی ہیں، رقم کا حساب درستگی سے نہیں لگایا گیا یا میرے کورٹ آرڈر میں ترمیم ہوگئی تھی، جس کی تائید ان سے ہوتی ہے: *
- ☐ منسوخ کردہ چیک یا منی آرڈر کی ایک کاپی (اگلا اور پچھلا حصہ) جو چائلڈ سپورٹ ایجنسی نے ڈیپازٹ کیا تھا مگر میرے اکاؤنٹ میں کریڈٹ نہیں ہوا
- ☐ میرے اس دعوے کی تائید کرنے والی دستاویزات کہ میری معاونت کا حساب درست طور پر نہیں لگایا گیا
- ☐ میری معاونت کے آرڈر میں ترمیم کرنے والے یا واجب الادا رقم سیٹ کرنے والے میرے کورٹ آرڈر کی کاپی
- ☐ دیگر (وضاحت کریں) ____________________

*اگر فراہم کردہ دستاویز مکمل واجب الادا رقم کو چیلنج نہیں کرتی ہے تو میں اس رقم کے لیے ادائیگی شامل کر رہا/رہی ہوں جو میرے لیے قابل ادا ہے اور اس رقم کو ادائیگی کے کوپن (خصوصی نوٹس سے منسلک) پر ظاہر کر رہا/رہی ہوں اور میں بلنگ کوپن کی ہدایات کے مطابق ادائیگی بھیج رہا/رہی ہوں۔

☐ 4. معاونت کے نیو یارک اسٹیٹ کورٹ آرڈر میں بقایاجات شامل ہیں اور کورٹ نے ان بقایاجات کیلئے مرحلہ وار ادائیگوں کی رقم کے تعین میں متوقع ٹیکس ریفنڈز کو ملحوظ خاطر رکھا ہے اور بیان کرتا ہے کہ ایسے بقایاجات کی تصدیق ٹیکس ریفنڈ کی تلافی کے پراسیس کے لیے ضروری نہیں ہے اور میں نے تمام مرحلہ وار ادائیگیاں کر دی ہیں، جس کی تائید ان سے ہوتی ہے:
- ☐ میرے دعوے کی تائید کرنے والے میرے کورٹ آرڈر کی ایک کاپی؛ اور،
- ☐ میرے منسوخ کردہ چیک یا منی آرڈر کی ایک کاپی (اگلا اور پچھلا حصہ) جو یہ تصدیق کرتی ہیں کہ میں نے مرحلہ وار ادائیگیاں کر دی ہیں؛ یا
- ☐ موصول کردہ ٹیکس ریفنڈ کی تلافی کے خطوط جو یہ ثابت کرتے ہیں کہ میرے چائلڈ سپورٹ کیس پر میرے ٹیکس ریفنڈز کا اطلاق ہوا تھا۔

☐ 5. میں اس معاملے پر بات چیت کیلے اجلاس طلب کر رہا/رہی ہوں۔

☐ 6. میرا معاونت کا آرڈر نیو یارک ریاست میں جاری نہیں ہوا تھا اور میں درخواست کر رہا/رہی ہوں کہ جائزہ اس ریاست میں انجام دیا جائے جس نے معاونت کا آرڈر جاری کیا تھا۔

**مکمل کیا گیا اور جمع کروایا گیا از:**

نیو یارک کیس شناخت کار: ____________________ کاؤنٹی: ____________________

اجلے حروف میں نام: ____________________ سوشل سیکیورٹی نمبر: ____________________

دستخط: ____________________ فون: ____________________

پتہ: ____________________ تاریخ: ____________________